توہین مذہب کے قوانین کا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ پورا مقدمہ صرف مدعی کی گواہی پر منحصر ہوتا ہے۔ اور ملزم فوراً گرفتار کر لیا جاتا ہے۔ ان قوانین میں غلطی اور سوچے سمجھے فیصلے میں کوئی فرق نہیں۔ جس سے ان کا غلط استعمال بہت آسان ہو جاتا ہے۔ ان میں ملزم کی دماغی یا جذباتی حالت کا بھی کوئی عمل دخل نہیں کہ وہ اپنے عمل کے نتائج کی ٹھیک سمجھ رکھتا بھی ہے یا نہیں۔ (جیسے کوئی کمسن یا ذہنی معذور)۔ بدقسمتی سے گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے قاتل ممتاز قادری کے معاملے میں پیش رفت سب کے سامنے ہے۔ پرویز علی شاہ، وہ جج جنہوں نے ممتاز قادری کو سزائے موت سنائی تھی، جان کی دھمکیوں اور حملوں کی وجہ سے آج سعودی

قانونی مسائل

پاکستان میں غیر مسلموں کے مسائل کی سب سے بڑی وجہ موجودہ قوانین اور آئین میں موجود سقم ہیں۔ مذہبی اقلیتوں میں اتنا تلاطم اور انتشار انہی امتیازی قوانین کے باعث ہے۔ انہیں جھوٹے مقدمات، مشتعل ہجوموں کے حملے، مالی نقصان، یہاں تک کے قتل تک کا سامنا ہے۔ گوجرہ، جوزف کالونی، پشاور چرچ، دوسرے مذہبی مقامات پر حملے اور دیگر کئی ایسے واقعات غیر مسلموں کو درپیش خطرات کی مثال ہیں۔

کئی ہندو خاندان بھارت نقل مکانی کر چکے ہیں اور کرتے چلے جا رہے ہیں۔ 2014ء میں وفاقی حکومت کی کل قانون سازی صرف 10 قوانین پر مشتمل ہے، جبکہ 2013ء میں 22 نئے قوانین بنائے گئے تھے۔ مگر صوبوں میں بڑے پیمانے پر قانون سازی ہو رہی ہے۔

ملک بھر میں بڑھتی دہشت گردی کے پیش نظر، ایک نیا، لیکن قدرے متنازعہ قانون تشکیل دیا گیا جس کا نام ہے تحفظ پاکستان ایکٹ (PPO) ہے۔ یہ بل 2013ء کے ایک آرڈیننس سے اخذ کردہ ہے اور ابھی تک اسے سول سوسائیٹی اور کئی سیاستدانوں کی طرف سے تنقید کا سامنا ہے۔ ناقدین کے مطابق یہ ایک آمرانہ قانون ہے جو انسانی حقوق کی نفی کرتا ہے۔ یوحنا آباد دھماکوں کے بعد اس ایکٹ کے تحت مسیحی نوجوانوں کو محض شک کی بنا پر حراست میں لے لیا گیا۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ وفاقی سطح پر ہندو شادی بل، مسیحی طلاق (ترمیم) بل یا گھریلو تشدد بل پر کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے۔

سندھ میں جہاں شادی کی کم سے کم عمر 18 سال کی گئی، وہیں ہندو شادی بل پاس ہونے کے باوجود جبراً شادیوں کے خلاف کوئی پیش رفت نہیں ہوئی۔ بلوچستان میں بھی قانون سازی کے دوران اقلیتوں کو نظر انداز کیا گیا۔ خیبر پختونخواہ اسمبلی نے 'خیبر پختونخوا ایکٹ برائے فروغ، تحفظ و نفاذِ انسانی حقوق 2014ء پاس کیا۔ اس سال دسمبر میں ایک اور ایکٹ پاس ہوا جو غیر مسلموں کی مالی جائیداد کے تحفظ کے بارے میں تھا۔ مگر دونوں قوانین میں ان کی مذہبی آزادی کے بارے میں کوئی بات نہیں کی گئی۔ اسی طرح پنجاب اسمبلی نے بھی اقلیتوں کے حوالے سے اس سال کوئی مخصوص قانون سازی نہیں کی۔

تعلیم

غیر مسلموں کے خلاف متعصّبانہ خیالات سب سے زیادہ ہمارے نظام تعلیم میں پنپ رہے ہیں اور یہیں سے یہ باتیں معاشرے میں سرایت کر رہی ہیں۔ پاکستان کے نظام تعلیم میں کئی دراڑیں اور حلقہ بندیاں ہیں، جیسے سرکاری اور غیر سرکاری سکولوں کا فرق اور پھر مدرسے، جہاں داخلہ ہی مذہب کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ عام سکولوں میں بھی مسلمان بچوں کو داخلے کے لئے ترجیح دی جاتی ہے۔ غیر مسلموں کے لئے بھی اسلامیات لازمی ہے جبکہ ان کے اپنے مذہب سے متعلق کوئی مضمون نہیں پڑھایا جاتا۔ جب لاہور کے ایک نجی سکول نے تقابلی مذہب کا ایک کورس شروع کیا تو ایک ٹی وی اینکر نے اسے اپنے شو میں طلباء اور طالبات کو دوسرے مذاہب کی جانب راغب کرانے اور اسلام کو چھوڑ دینے کی سازش گردانا۔

غیر مسلموں کو اپنی روزمرہ زندگی میں رہائش اور ملازمت سے لیکر ہر قدم پر امتیازی سلوک کا سامنا ہے۔ سیاسی میدان میں بھی ان کو زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی۔ مثلاً ایوانوں میں اقلیتی نشستوں پر نمائندگان کا انتخاب ان کی کمیونٹی نہیں بلکہ مجاز سیاسی جماعتیں کرتی ہیں۔

عدالتی نظام میں بھی کئی سوالیہ نشان اور خلاء موجود ہیں اور اسی وجہ سے بعض عناصر اس خلاء کا فائدہ اٹھاتے ہوئے غیر مسلموں کا استحصال کرتے ہیں۔ اور اقلیتوں کے حوالے سے جو مقدمات پہلے سے زیر سماعت ہیں، ان کی پیروی غیر جانبدار اور شفاف طریقے سے نہیں ہو پاتی۔ اسی طرح وہ قوانین جو اقلیتوں کے حق میں ہیں، ان پر عمل درآمد نہ ہونے کے برابر ہے۔

سماجی امتیاز اور اخراج

گو کہ کچھ غیر مسلم سرکاری اور دیگر اداروں میں اعلیٰ عہدوں پہ فائز ہیں اور اونچے طبقے اور درمیانے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں، زیادہ تر غیر مسلم خصوصاً مسیحی اور ہندو نچلے طبقے کے ہیں اور انہیں شدید امتیاز اور تعصب کا سامنا ہے۔ کچھ چھوٹے قصبوں اور دیہی علاقوں میں انہیں اچھوت سمجھا جاتا ہے۔ انتہا پسندی کے بڑھاؤ کیساتھ یوں لگتا ہے جیسے معاشرہ اختلاف رائے کو برداشت کرنے کی صلاحیت کھو چکا ہے۔ تفریقی رویے پالیسیوں اور قوانین کے ذریعے شعور میں سرایت کر چکے ہیں۔ یہاں تک کہ سکولوں میں بھی جہاں استاد اسلام کا درس تو دیتے ہیں مگر ساتھ ہی غیر مسلم طلباء اور طالبات کیساتھ کھلے عام تفریقی برتاؤ کرتے ہیں۔

اگر چہ دیہاتوں میں زیادہ تعصب پایا جاتا ہے مگر اب بڑے شہر بھی پیچھے نہیں رہے۔ متعصب سوچ، پہلے سے قائم شدہ تصورات اور ایک مسخ شدہ عقیدہ۔۔۔ یہ سب ایک مہلک بیماری کی نشاندہی کرتا ہے جس کی جڑیں مخصوص سماجی رویوں اور روایات سے ملتی ہیں اور یہ رویے سماج میں تعلیمی نظام اور دیگر اداروں کے ذریعے اور بھی پروان چڑھ رہے ہیں۔ مسلمانوں کی کسی چیز کو غیر مسلم کا ہاتھ لگنے سے وہ ناپاک تصور کی جاتی ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں یہ رویہ معاشرے کی عمومی سوچ بن چکا ہے۔ غیر مسلموں کو پلید سمجھنا اور ان سے اپنے برتن الگ رکھنا معاشرے کے تمام طبقات میں عام ہے۔

صوبہ پنجاب میں کم آمدن والے مسیحی ملازمین و مزدوروں کی طرف تعصب عام ہے۔ چونکہ یہ مزدور زیادہ تر صفائی کرنے کا کام کرتے ہیں اس لئے انہیں ہتک آمیز القابات سے بلایا جاتا ہے اور اس طرح ایک پورے گروہ کی تذلیل کی جاتی ہے۔

سماجی ناکہ بندی نے غیر مسلموں کو اپنی ہی کمیونٹی کے دائروں میں رہنے پر مجبور کر دیا ہے۔ اکثر یہ دائرے جرم، ناانصافی اور غربت سے بھرپور بستیوں کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اور اس طرح اقلیتیں اور بھی محروم اور نظر انداز ہوتی چلی جاتی ہیں۔

زیادہ تر مذہبی فرق سے جنم لیتے ہیں، جبکہ کچھ کیسز میں وہ اپنی صورتحال سے مجبور ہیں۔ جیسے جبری مشقت کی 'صنعت' میں 80 فیصد سے زیادہ مزدور غیر مسلم ہیں: پنجاب میں مسیحی اور سندھ میں ہندو۔ مسلمان مزدور بھی اس صورتحال میں اتنے ہی مجبور ہیں مگر غیر مسلموں کی حالت ناقابل بیان ہے۔ چنانچہ غیر مسلموں کو درپیش تمام مسائل کی جڑ کسی نہ کسی طرح ان کی مذہبی آزادی سے جڑی ہے۔

298-B کے تحت ان احمدیوں کو بھی 3 سال تک کی سزا ہو سکتی ہے جو اپنی عبادت گاہوں کو 'مسجد' اور نماز کے لئے صدا کو 'اذان' کہتے ہیں۔

ملک کے تمام بڑے اخبارات کے مطابق 2014ء میں گوجرانوالہ میں کچھ لوگوں نے ایک نوجوان کے خلاف فیس بک پر کافرانہ مواد پوسٹ کرنے کا مقدمہ کرایا۔ اسی دوران ایک اور ہجوم نے ایک احمدی علاقے پر حملہ کر کے آٹھ گھر جلا ڈالے۔ اس واقعے میں ایک احمدی عورت اور دو بچیاں دم گھٹنے سے جاں بحق ہو گئیں۔ ہجوم نے فائر بریگیڈ اور ایمبولینسوں کو بھی جلتے ہوئے گھروں تک پہنچنے سے روک دیا۔

ریاست ہائے متحدہ کمیشن برائے بین الاقوامی مذہبی آزادی (USCIRF) نے اپنی تازہ ترین رپورٹ میں پاکستان کو آزادیِ خیال کے لحاظ سے 'دنیا کی بدترین صورتحال' قرار دیا ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ شیعہ جلوسوں اور مساجد پر حملوں کے جواب میں، جس میں سینکڑوں جانیں گئیں، حکام کا ردعمل 'بری طرح ناکافی' رہا۔ مسیحیوں اور ہندوؤں کو زبردستی مذہب بدلنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ اور سب سے بڑھ کر توہین مذہب کا قانون، جس میں سزا کے لئے زیادہ گواہوں کی ضرورت نہیں اور جسے مذہب سے لاتعلق چھوٹے موٹے جھگڑوں میں بھی استعمال کیا جا رہا ہے۔

مجموعی طور پر گذشتہ سال میں غیر مسلموں کے خلاف ملک میں کئی جرائم ہوئے۔ 2014ء کی HRCP کی معلومات کے مطابق:

۔سندھ میں 11 مندروں اور گرجا گھروں پر حملہ ہوا
۔کوٹ رادھا کشن پنجاب میں ایک مسیحی جوڑے کو قرآن کی بے حرمتی کے الزام میں تشدد کے بعد زندہ جلا دیا گیا
۔ٹارگٹڈ حملوں میں 11 احمدی مارے گئے
۔اقلیتوں کے تحفظ کے لئے وفاقی حکومت نے کوئی قوانین نہیں بنائے اور اقلیتوں کے لئے صرف خیبر پختونخوا میں صوبائی سطح پر 2 بل پاس ہوئے
۔157 اقلیتی خاندان فاٹا میں آرمی آپریشن کے باعث بے گھر ہوئے۔ ان میں سے کچھ خاندانوں نے IDP کیمپوں میں تعصّبانہ رویے کی شکایت کی

اس کے علاوہ بھی غیر مسلم گروہوں کو روزمرہ زندگی کے معاملات، خصوصاً مذہبی معاملات میں کئی مسائل کا سامنا ہے۔ یہ مسائل

کی وجہ سے ان کی ضرورت تھی۔

مسیحی برادری کو ایک اور بات کا احساس ہوا کہ اب بم دھماکے کا معاملہ بالکل بھلا دیا گیا تھا۔ اور اکثریتی مسلم طبقے سے ملنے والی ہمدردی نہ ہونے کے برابر تھی۔ مسیحیوں نے اس واقعے کے بعد شکایت کی کہ سپریم کورٹ کے احکامات کے باوجود گرجا گھروں کے حفاظتی اقدامات ناکافی ہیں اور یہ کہ ڈیوٹی پر موجود اہلکار کام پر دھیان نہیں دیتے۔ اس واقعے کے بعد پنجاب حکومت، خصوصاً وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف کی بے حسی سامنے آ گئی، جو 2013ء کے جنرل الیکشن میں یوحنا آباد سے جیتے تھے۔

احمدی

پاکستان کے 193 ملین لوگوں میں سے 95% مسلمان ہیں (75% سنی اور 25% شیعہ)۔ ایک اندازے کے مطابق پاکستان میں احمدیوں کی آبادی کم و بیش 20 لاکھ ہے۔

پاکستان کی احمدی آبادی دباؤ اور بریت کی ایک مسلسل مہم کا شکار ہے، جو 'بین الاقوامی معاہدہ برائے سماجی و سیاسی حقوق'، جس کی پاکستان نے 2010ء سے توثیق کر رکھی ہے، کی مکمل خلاف ورزی ہے۔ احمدیوں کے خلاف مظاہرے 1953ء سے چلتے آ رہے ہیں۔ مگر 1973ء کے آئین میں احمدیوں کے خلاف ترامیم کے بعد احمدیوں کو دائرہ اسلام سے خارج کر دیا گیا۔

گو کہ اقلیتوں پر حملے غیر ریاستی انتہا پسند گروہ کرتے ہیں، مگر پولیس پر بھی ان حملوں کو نظر انداز کرنے کا الزام ہے۔ انہیں اپنے مذہب کی آزادانہ پیروی کرنے کے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حق سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ اور ایسا دباؤ صرف احمدیوں پر ہی نہیں بلکہ شیعہ اور مسیحی گروہوں پر بھی ہیں۔ مگر احمدیوں کے خلاف خصوصی اور منفرد تعصب موجود ہے۔ 2012ء اور 2013ء کے درمیان اس طبقے کے 1000 افراد مارے گئے۔ اس کے علاوہ احمدیوں کو انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں، ماورائے عدالت قتل، ٹارگٹ کلنگ، لاپتہ ہونے اور تشدد کا سامنا ہے۔

1974ء سے پاکستانی قانون میں احمدیوں کو آئینی ترمیم کے ذریعے غیر مسلم قرار دے دیا گیا ہے۔ تعزیراتِ پاکستان کے مطابق وہ احمدی جو 'خود کو مسلمان کہلواتے ہیں اور جو اپنے مذہب کو اسلام کا نام دیتے ہیں اور اس کی کسی بھی طرح تبلیغ کرتے ہیں اور مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو کسی بھی طرح ٹھیس پہنچاتے ہیں'، 3 سال تک کی سزا ہو سکتی۔ تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ

یوحنا آباد میں کیا ہوا؟

کوٹ رادھا کشن کے بھیانک واقعے کے بعد مسیحیوں کے لئے اگلی قیامت مارچ میں ایسٹر سے ایک ماہ قبل آئی۔ جب دو خودکش بمباروں نے لاہور کے مسیحی اکثریت والے علاقے یوحنا آباد کے دو مختلف گرجا گھروں کو نشانہ بنایا۔ ان دو بمباروں نے کرائسٹ چرچ اور رومن کیتھولک چرچ کے باہر خود کو اڑا ڈالا، جس کے نتیجے میں کل 15 جانیں گئیں اور کئی لوگ زخمی ہوئے۔ پہرے پر مامور دو مسیحی نوجوان، جو گرجا گھر کے باہر کھڑے تھے، انہوں نے خود کو حملہ آوروں پر دھکیل دیا اور ان کو گرجا گھروں سے دور لے گئے جس سے کئی جانیں بچ گئیں۔ مسیحی برادری کے بارہا مطالبے کے باوجود حکومت نے ابھی تک ان کو کوئی سرکاری خراج تحسین اور میڈل سے نہیں نوازا گیا۔

دھماکوں کے بعد دو لوگ مین روڈ کی جانب بھاگتے ہوئے دیکھے گئے، جنہیں عینی شاہدین کے مطابق پولیس نے حراست میں لے لیا۔ مگر ایک مشتعل ہجوم ان کو پولیس سے چھیننے میں کامیاب ہو گیا اور تشدد کے بعد ان دو افراد کو مین فیروز پور روڈ پر زندہ جلا دیا گیا۔ اس واقعے کے بعد 24 گھنٹوں سے زیادہ کے لئے لاٹھیوں سے لیس نوجوان مسیحی کارکنوں نے مین روڈ بلاک کر دی اور ہر آنے جانے والے کی چیکنگ کرنے لگے۔ مگر بعد میں ایک اور فساد شروع ہو گیا جب جلائے جانے والے افراد کی شناخت ہوئی اور انکے خاندان نے انہیں معصوم قرار دے دیا۔ اس کے بعد ارد گرد کی قریبی مسلمان آبادی اور یوحنا آباد کے باہر لاٹھی بردار نوجوانوں میں لڑائی شروع ہو گئی۔ اندرونی ذرائع کے مطابق مسلمانوں کا گروہ زیادہ بڑے حملے کی تیاری کر رہا تھا، وزیر اعلیٰ پنجاب نے ان سے بذات خود بات کی اور بروقت مداخلت کر کے معاملات کو سنبھالا۔

گو کہ معاشرے کے تمام طبقات نے زندہ جلا دینے کے اس واقعے کی مذمت کی، مگر میڈیا کی توجہ گرجا گھروں پر بم دھماکے سے ہٹ کر اس واقعہ پر آ گئی۔ اور کئی چھوٹی تفصیلات کو نظر انداز کر دیا گیا اور صحیح تفتیش نہ ہوئی۔ روزنامہ ڈان اخبار کے مطابق، ماڈل ٹاؤن سی آئی اے نے یوحنا آباد سے نوجوانوں کو اٹھانا شروع کر دیا۔ کل 160 نوجوان اٹھائے گئے جن میں سے کچھ کو چھوڑ دیا گیا جبکہ باقیوں کے خلاف زندہ جلانے کے کیس میں FIR درج کر لی گئی اور 69 گرفتار شدہ نوجوانوں کو دہشت گردی کی عدالت میں ریمانڈ کے لئے پیش کیا گیا۔

یوحنا آباد کے رہائشیوں کے مطابق لڑکوں کو گرفتار نہیں کیا گیا کبھی سادہ کپڑوں میں ملبوس اہلکاروں نے پولیس کی گاڑی میں بیٹھا لیا۔ اور گھروں پر سیڑھیاں لگا کر پولیس زبردستی اندر داخل ہوئی۔ نہ پولیس کے پاس کوئی وارنٹ تھے اور نہ ہی تحفظِ پاکستان ایکٹ

کہ لڑکی نے اسلام مرضی سے قبول کیا ہے۔ زیادہ تر مقدمات میں سماعت کے عرصے کے دوران لڑکی اغوا کرنے والے کی تحویل میں ہی رہتی ہے اور اسے اپنے والدین سے ملنے نہیں دیا جاتا۔

اس ضمن میں مقامی اور بین الاقوامی رپورٹس کے مطابق مسیحی رہنما کہتے ہیں کہ پاکستان سے ہزاروں مسیحی دھمکیوں اور تحفظ نہ ہونے کی وجہ سے نقل مکانی کر چکے ہیں۔

2013ء میں لاہور میں جوزف کالونی کا واقعہ ہوا، جس میں توہینِ رسالتؐ کے الزام پر 200 مسیحی خاندانوں کے گھر جلا دیئے گئے۔ اسی سال کراچی کے مائیکل ٹاون میں ایسا ہی واقعہ پیش آیا جس میں 300 مسیحی خاندان خوف و ہراس میں اپنا گھر بار چھوڑ گئے کیونکہ ایک مشتعل ہجوم انکے گھر جلا رہا تھا۔ اس واقعہ کا نتیجہ مسیحیوں کے حق میں نہ نکلا۔ گو کہ علاقہ کے کمشنر نے امن قائم کر دیا مگر علاقے کا نام ''مائیکل ٹاؤن'' سے ''خلفہء راشدین کالونی'' کر دیا گیا۔ زخمی مسلمانوں کو تو مالی امداد ملی مگر مسیحیوں کو نہیں۔ اور حملہ شروع کرنے والے افراد کے خلاف کوئی FIR درج نہیں ہوئی۔

انگریزوں کے زمانے میں بنائے گئے مسیحی قوانین دور حاضر میں متروک ہو چکے ہیں۔ اگست میں وفاقی حکومت نے کرسچن میرج ایکٹ اور کرسچن ڈائیورس ایکٹ میں مسیحی رہنماؤں سے مشورے کے بعد ترامیم پیش کیں۔ پیش کیے گئے نئے ترمیمی بل کے تحت چرچ آف انگلینڈ، سکاٹ لینڈ اور رومن کیتھوک چرچ کا کردار خارج کر دیا گیا ہے۔ شادی کی عمر 18 سال اور ہر چرچ کو شادی درج کرنے کا اختیار ہوگا۔ اِس بل کے مطابق ایکٹ میں 9 وجوہات بتائی گئیں جن کی بنا پر شادی ختم ہو سکتی ہے جبکہ پہلے طلاق صرف بدکاری کی بنا پر ہو سکتی تھی۔ مسیحی برادری نے حکومت سے مسیحیوں کے لئے وراثت کے قوانین بنانے کی بھی درخواست کی ہے۔

فوجی آپریشن کے دوران مسیحی خاندانوں کو بنوں کے پناہ گزین کیمپوں (IDP) میں نقل مکانی کر کے آنا پڑا۔ مگر فاٹا کی دیگر اقلیتوں کی طرح انہیں خوراک کے کیمپوں میں تفریق کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ کیونکہ یہ مسئلہ مذہبی عقیدوں میں فرق کے باعث ہے، اس لئے اس کا براہ راست تعلق مذہبی آزادی سے ہے۔

HRCP نے اپنی سالانہ رپورٹ میں کہا ہے کہ فاٹا سے 100 سے زیادہ ہندو خاندان فوجی آپریشن کے باعث بے گھر ہوئے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق 29 ہندو خاندانوں نے بنوں کیمپ میں پناہ لی اور ان میں سے کسی بھی خاندان کو حکومتی کیمپوں میں نہیں رہنے دیا گیا۔

پشاور، لاڑکانہ (جہاں ہجوم نے قران کی بے حرمتی ہونے کے الزام پر ایک مندر جلا دیا)، بدین، تھرپارکر اور ٹنڈو محمد خان میں کئی مندروں پر حملہ کیا گیا۔ ہندو کونسل نے یہ بھی کہا کہ ان کی 1400 مذہبی عبادت گاہوں کو حکومتی توجہ کی ضرورت ہے۔

کونسل کے قائدین نے دیوالی کے دن پر قومی چھٹی اور ہندو ملازمین کو بونس دینے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے حکومت کو دیوالی کے دن ایوانِ بالا (سینٹ) کی کاروائی نہ رکھنے کا بھی کہا، جس کو حکومت نے تسلیم کیا اور پہلی بار ایوانِ بالا (سینٹ) نے دیوالی کے روز اجلاس نہیں رکھا بلکہ وزیر اعلیٰ سندھ نے ہندو سرکاری ملازمین کے لیے دیوالی بونس کا بھی اعلان کیا اور وفاقی حکومت نے اس تہوار کو سرکاری طور پر منایا۔

مسیحی

گذشتہ عرصے میں مسیحیوں پر مختلف گروہوں بشمول مشتعل ہجوم اور انتہا پسندوں نے کئی حملے کئے اور مسیحیوں کے خلاف توہینِ مذہب کے بھی کئی مقدمے درج ہوئے۔ مگر 4 نومبر 2014ء کا واقعہ سب سے بھیانک ہے۔ جس میں اینٹوں کے بھٹے پر کام کرنے والے ایک مسیحی جوڑے، شمع اور سجاد (عرف شہزاد) مسیح، کو کوٹ رادھا کشن (پنجاب) میں مشتعل ہجوم نے اسی بھٹے کی آگ میں جھونک کر زندہ جلا دیا۔ ان دونوں پر پہلے قرآن کی بے حرمتی کا الزام لگایا گیا۔ اور پھر تھانے میں دو راتوں کی حراست کے بعد تشدد کر کے بھٹے میں دھکیل دیا گیا۔ گاؤں کا ہجوم ایک مقامی مولوی کی صدا پر اکٹھا ہوا۔ زندہ جلانے سے پہلے ان دونوں پر اینٹوں اور ڈنڈوں سے تشدد کر کے گلیوں میں نیم برہنہ پھرایا گیا جبکہ شمع اس وقت حاملہ تھی۔

پاکستان میں بھائی چارے اور امن کی تحریک (MSP) جو انسانی حقوق کا ایک رضا کارانہ ادارہ ہے اس کی ایک رپورٹ کے مطابق ہر سال 700 مسیحی عورتوں کو اغوا کے بعد زبردستی مسلمان کر کے مسلم مردوں سے بیاہ دیا جاتا ہے۔ جیسا سندھ میں ہندوؤں کے ساتھ ہوتا ہے، ۔ اگر مسیحی خاندان FIR درج کروانے کی کوشش کرے تو اغوا کرنے والا بھی FIR درج کروا دیتا ہے

بیاہ دیا گیا۔ ہندو کونسل عہدیداران کے مطابق 2014ء میں سندھ میں 1000 سے زیادہ لڑکیوں کو، جن میں نابالغ بچیاں بھی شامل ہیں، زبردستی اسلام قبول کرایا گیا۔ باقی تمام غیر مسلموں کی طرح، ہندو بچوں کو بھی سکول میں تعصب کا سامنا ہے۔ کئی دفعہ تو ہندو والدین اپنے بچوں کی شناخت چھپانے کے لئے انہیں مسلمان نام دے دیتے ہیں۔

HRCP کی سالانہ رپورٹ کے مطابق، بلوچستان میں بہت سے ہندو تاجر اور کاروباری افراد کو تاوان کے لئے اغوا کیا جاتا ہے۔ اسی لئے بلوچستان سے کافی ہندو اندرون اور بیرونِ ملک نقل مکانی کر چکے ہیں۔

رمیش کمار ونکوانی، پاکستان ہندو کونسل کے صدر اور پاکستان مسلم لیگ نواز کے رکن قومی اسمبلی کے مطابق پاکستان سے ہر سال 5000 کے قریب ہندو، مذہبی ظلم وستم کے باعث بھارت نقل مکانی کر رہے ہیں۔ ونکوانی کہتے ہیں کہ یہ امر حکومت کی ہندوؤں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکامی کی نشاندہی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مذہب کی جبری تبدیلی کے خلاف قوانین کو موثر انداز سے لاگو کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

"جب کسی لڑکی کے اغوا کی رپورٹ کرانے تھانے جاتے ہیں تو پولیس کے سخت رویئے کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو کیس رجسٹر نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں کہ لڑکی اپنی مرضی سے گئی ہے اور اس بارے میں پولیس کچھ نہیں کر سکتی۔ اگر FIR درج ہو بھی جائے تو اکثر لڑکی کے خاندان والوں کو دھمکایا جاتا ہے، کہ اگر انہوں نے FIR واپس نہ لی تو ان کے خلاف توہین مذہب کا مقدمہ درج کر دیا جائے گا۔ پھر ظاہر ہے کہ مظلوم خاندان خاموش ہو جاتا ہے۔"

۔ایک اغوا شدہ لڑکی کا والد

"میں ایک ادارے سے منسلک ہوں اور رضا کارانہ طور پر کام کرتا ہوں۔ مگر میں بتا نہیں سکتا ہمیں موت کی کتنی دھمکیاں ملتی ہیں۔ مجھے فون آتے ہیں مگر ہمارا اصول ہے کہ خیبر پختونخوا میں ہندو خود کو زیادہ نمایاں نہیں کرتے۔ ہم نہ میڈیا پر آتے ہیں اور نہ ہی احتجاجی مظاہرے کرتے ہیں، حالانکہ ہمیں سخت تعصب کا سامنا ہے۔ دس سال قبل یہ مسئلہ زیادہ سنگین تھا۔ مگر اب بھی حالات کچھ خاطر خواہ نہیں ہیں، زبردستی مذہب کی تبدیلی اور مندروں کی بے حرمتی جاری ہے۔"

۔پشاور سے ایک ہندو کارکن

پائے، جس کے نتیجے میں اغوا شدہ سکھوں کو مار دیا گیا۔

گو کہ پشاور سکھوں کے لئے ایک خطرناک جگہ بن چکا ہے، مگر پھر بھی قریب 500 خاندان فاٹا سے انتہا پسندوں کے خلاف فوجی آپریشن کے باعث اس شہر میں ہجرت کر کے آئے ہیں۔ سکھوں کے مطابق انہیں اپنے گرودواروں میں جانے سے ڈر لگتا ہے اور ان کی کئی عبادت گاہیں علاقے میں حفاظتی اقدامات نہ ہونے کی وجہ سے بند پڑی ہیں۔ کئی سکھوں کو اپنے کاروبار سمیٹنے پڑے۔ اور کئی والدین اپنے بچوں، خصوصاً لڑکوں کو سکول نہیں بھیجتے، کیونکہ اپنی پگڑی کی وجہ سے وہ فوراً پہچانے جاتے ہیں۔

2014ء میں میڈیا میں کراچی اور شکار پور میں ہونے والے دو واقعات سامنے آئے، جہاں گرو گرنتھ صاحب کو نظر آتش کر دیا گیا۔ ان واقعات کے بعد سندھ اور خیبر پختونخوا کے سکھوں نے اسلام آباد میں پارلیمنٹ ہاؤس پر چڑھائی کر دی اور اپنی عبادت گاہوں کے بہتر تحفظ کا مطالبہ کیا۔ 15 مئی کو قومی اسمبلی میں قرارداد پاس ہوئی جس کے تحت حکومت نے اقلیتوں کی عبادگاہوں کی حفاظت کے لئے سیکورٹی اہلکار تعینات کر دئے ہیں۔

آج تک پاکستان کی مسلمان اکثریت میں سکھوں نے ہمیشہ خود کو بہت نمایاں نہیں کیا اور قومی دھارے میں شامل ہونے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ کراچی میں رنچھوڑ لائنز کے علاقے میں کئی سکھ آباد ہیں۔ اس کے علاوہ ہر سال ننکانہ صاحب پوری دنیا سے سکھ زیارت کے لئے جمع ہوتے ہیں۔ سکھوں کی تاریخی اور مقدس عمارتوں کی ذمہ داری ایک پاکستانی حکومتی ادارے، "پاکستان سکھ گرودوارہ پربندک کمیٹی" کی ہے۔ ایک طرف تو ریاست اقلیتوں کے لئے برابری اور تحفظ کا اعلان کرتی ہے، مگر دوسری طرف ان اقدامات پر عمل درآمد نہیں ہو رہا۔

ہندو

پاکستان میں زیادہ تر ہندو صوبہ سندھ میں رہتے ہیں۔ مگر بڑی تعداد میں ہونے کے باوجود ان کو جبراً اسلام قبول کروایا جانا عام ہے اور گزشتہ سالوں میں یہ شکایت بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ رہائشیوں کے مطابق کچھ علاقوں کے وڈیرے اور مقامی سیاستدان ان کاروائیوں کی سرپرستی کرتے ہیں۔

زیادہ تر واقعات میں شادی شدہ اور غیر شادی شدہ ہندو لڑکیوں کو اغوا کر کے زبردستی اسلام قبول کروایا گیا اور پھر مسلمان لڑکوں سے

ٹیبل

صوبہ	عیسائی	ہندو (جاتی)	احمدی	شیڈول کاسٹ	دیگر مذاہب	تمام غیر مسلم
خیبر پختونخواہ	49,685	6,095	57,130	802	19,954	133,666
فاٹا	3,125	1,417	8,863	1,186	2,821	17,412
پنجاب	2,303,296	125,511	245,836	32,225	66,096	2,772,964
سندھ	399,571	2,683,633	58,975	406,919	32,287	3,581385
بلوچستان	35,856	43,885	13,279	9,158	8,768	110,946
اسلام آباد	44,360	241	3,736	37	347	48,721

اقلیتیں

سکھ

نادرا کے مطابق 2014ء میں قریب 114 مسیحی، 10 بہائی اور 4 بدھ خاندان پاکستانی فوج کے فاٹا میں آپریشن کے نتیجے میں نقل مکانی کر گئے۔ کچھ خاندانوں نے میڈیا کو بتایا کہ بنوں کے (IDP) پناہ گزین کیمپوں میں انہیں تعصب کا سامنا ہے اور تقسیم خوراک کے مراکز پر انہیں نظر انداز کیا جاتا ہے۔

دوسری جانب خیبر پختونخوا میں سکھوں کو کئی مسائل درپیش ہیں۔ قتل اور اغوا کے کئی واقعات کے باعث ان کے لئے زندگی عذاب بن چکی ہے۔ ان میں کئی تو دوسرے شہروں، جیسے کہ راولپنڈی منتقل ہو چکے ہیں۔ ستمبر 2014ء میں مردان میں نامعلوم افراد نے ایک سکھ کو اس کی دکان میں مار ڈالا۔ 3 دن قبل، ایسے ہی نامعلوم افراد نے ہشت نگری، پشاور میں سکھوں کی 3 دکانوں پر فائرنگ کی۔ اس حادثے کے بعد سکھ کمیونٹی نے سڑکوں پر مظاہرہ کر کے اپنی جان و مال کے لئے حفاظتی اقدامات کا مطالبہ کیا۔

خیبر پختونخوا اور اس کے نواحی قبائلی علاقوں میں اغوا کے بھی کئی واقعات سامنے آئے ہیں۔ میڈیا میں کچھ خبروں اور ادارہ برائے انسانی حقوق پاکستان (HRCP) کی تحقیق کے مطابق اغوا کرنیوالوں نے اتنا تاوان مانگا کہ اغوا شدگان کے خاندان ادا نہ کر

پاکستان میں اقلیتوں کا مجموعی جائزہ: ایک مایوس کن تصویر

1947ء میں تقسیم کے وقت پاکستان کی کل آبادی کا 23 فیصد حصہ غیر مسلموں پر مشتمل تھا۔ آج یہ شرح تقریباً 4 فیصد رہ گئی ہے۔ پہلے صورتحال مختلف تھی۔ اپنے سیکولر عقائد کے مطابق، جناح نے ایک ہندو، کئی شیعہ اور ایک احمدی کو پاکستان کی کابینہ میں نامزد کیا۔ مگر اب کابینہ کی سطح پر غیر مسلم نمائندگی، انتخاب کے بجائے چناؤ کے ذریعے صرف خانہ پُری تک محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ جبکہ احمدیوں کو انتہا پسندوں کی طرف سے قتل کی دھمکیوں اور نفرت کی تحریکوں کا سامنا ہے۔ 1973ء کے آئین میں احمدیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا ہے جبکہ وہ خود کو مسلمان کہلوانا چاہتے ہیں۔ ان گروہوں کو کئی مسائل کا سامنا ہے، جن میں سنگین جرائم سے لے کر روزمرہ زندگی میں اپنے معاشی، سماجی، ثقافتی، سیاسی اور شہری حقوق کو لیکر تفریق، تعصب اور استحصال بھی شامل ہیں۔

کمیونٹی ورلڈ سروس (سابقہ چرچ ورلڈ سروس - پاکستان افغانستان) ایک مقامی غیر سرکاری ادارہ ہے جو ایشیا میں خصوصاً پسی ہوئی قوموں کے مسائل کے لئے کام کر رہا ہے ان کے مطابق 2012ء میں پاکستان میں غیر مسلم آبادی کا تعین اس جدول سے کیا جاسکتا ہے:

یعنی پاکستان کے ہر ایک ہزار غیر مسلموں میں سے 23 خیبر پختونخوا اور فاٹا، 416 پنجاب، 537 سندھ اور 17 بلوچستان میں رہتے ہیں۔

مسٹر محمد علی جناح نے 11 اگست 1947ء کو پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کے اجلاس میں اپنی تقریر میں سب سے زیادہ زور مذہبی آزادی پر دیا تھا۔ انہوں نے کہا" آپ آزاد ہیں۔ اس ریاستِ پاکستان میں آپ اپنے مندروں، مسجدوں یا کسی بھی اور عبادت گاہ میں جانے کے لئے آزاد ہیں۔ آپ کسی بھی مذہب، ذات یا فرقے سے تعلق رکھتے ہوں، اس کا ریاست کے کاروبار سے کوئی تعلق نہیں۔" مگر آج پاکستان کے لئے جناح کی سیکولر سوچ سے زیادہ، شائد ہی کوئی اور متنازعہ موضوع ہو۔

اقلیتوں کا "مسئلہ"

"اقلیت" سے مراد ایسی آبادی ہے جو عددی لحاظ سے چھوٹی ہو اور جس کی کوئی خصوصیت جیسے عقیدہ، رہن سہن، قومیت یا زبان اسے اپنے خطے کی بڑی، مجموعی آبادی سے مختلف بناتی ہو۔ مگر پاکستان کے مخصوص حالات کے باعث "اقلیت" کی تعریف مشکل ہوگئی ہے۔

تاریخ میں برداشت اور تنوع کی قبولیت کی کئی مثالیں ملتی ہیں۔ برصغیر کی تاریخ پر نظر ڈالیں تو اس میں اسلام کا صوفی رنگ غالب ہے۔ جس میں تمام لوگوں کی جانب برداشت کرنا سکھایا جاتا ہے۔ اسلام کی اس صوفیانہ تشریح میں مذہبی اقلیتیں، اقلیت نہیں ہیں کیونکہ صوفی فلسفہ کسی بھی سیاسی مقصد سے پاک ہے اور اس میں تمام مرد اور عورت، اولین طور پر انسان ہیں، اور کچھ نہیں۔

صوفی ازم کی روایت برصغیر، خصوصاً پاکستان میں وادیِ سندھ کے علاقوں میں پروان چڑھی اور جہاں کئی صوفیاء کے مزار بھی موجود ہیں۔ گو کہ ان کی تحریریں اور خیالات اب بھی کئی پاکستانیوں کے لئے اہم ہیں، پر ابن الوقتی اور شہری زندگی کی دھند میں صوفیاء کرام کی تعلیمات کہیں کھو گئی ہیں اور ان کے نام لیوا کم ہی ہیں۔ اس تحقیق کے دوران کئی لوگوں کو "اقلیت" کی اصطلاح سے اختلاف تھا۔ ان کے خیال میں اس لفظ میں تفریق کا عنصر تھا اور وہ 'غیر مسلم' یا صرف 'پاکستانی' استعمال کرنا درست سمجھتے ہیں۔

یہ سمجھنا بھی بہت ضروری ہے کہ جدید قومی ریاست میں حکومتیں زیادہ تر اقلیتوں کو مذہبی و سیاسی اتحاد یا ان علاقوں جہاں وہ رہتے ہیں، کی سرحدی سالمیت کے لئے ممکنہ خطرہ سمجھتی ہیں۔ اور اس کے نتیجے میں دو طرح کے ردعمل ظاہر کرتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ اقلیت اور اکثریتی آبادی کے بیچ کے فرق کو مٹانے یا کم کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ پہلے ردعمل میں انجذابی پالیسیاں اپنائی جاتی ہیں جو جبری بھی ہوسکتی ہیں اور ترغیبی بھی یا اکثر اس سے بھی بڑھ کے سنگین اقدامات کئے جاتے ہیں۔ جیسے آبادیاتی تبادلے، نسل کشی اور قتلِ عام۔ اور اقلیتوں کے حقوق کی بڑھوتری اور تحفظ کرنا ان کی طرف سے ممکنہ خطرات سے حفاظت کا دوسرا ردعمل ہوتا ہے۔ اس کے پیچھے یہ نظریہ کارفرما ہے کہ اگر ایسا کرلیا جائے تو اقلیتوں کی طرف سے ممکنہ سیاسی تحریک جو ملکی یکجہتی کیلئے خطرہ بن سکے، کو یکسر ختم نہ بھی کیا جاسکے تو ان ممکنہ خطرات کو کم کیا جاسکتا ہے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں بہت عرصے سے پہلا ردعمل ہی دیکھا جارہا ہے۔ اور پاکستان کے بانی کے الفاظ باضابطہ طور پر تاریخ کی کتابوں سے خارج کردئے گئے ہیں۔

انسانی حقوق کا عالمی منشور

۔ دفعہ 1

"ہر انسان کو آزادیِ فکر، آزادیِ ضمیر اور آزادیِ مذہب کا پورا حق حاصل ہے۔ اس حق میں مذہب یا عقیدے کو تبدیل کرنے اور پبلک میں یا نجی طور پر، تنہا یا دوسروں کے ساتھ مل جل کر عقیدے کی تبلیغ، عمل، عبادت اور مذہبی رسمیں پوری کرنے کی آزادی بھی شامل ہے۔"

۔ دفعہ 18

" کسی کی مذہبی یا عقیدے کی آزادی کو جبر سے سلب نہیں کیا جائے گا۔ کوئی ریاست، ادارہ، گروہ یا فرد، مذہب یا دوسرے عقائد کی بنا پر کسی کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں کریں گے۔"

۔ آرٹیکل (2)1 اور آرٹیکل (1)2، اقوام متحدہ کا مذہب یا عقیدے کی بنیاد پر ہر قسم کے عدم برداشت اور امتیازی سلوک کے خاتمے کا منشور۔

تاہم یہاں اقلیتوں کی مجموعی صورتحال کو دیکھتے ہوئے لگتا ہے کہ بین الاقوامی کنونشنز اور قوانین تو ایک طرف، پاکستان نے اقلیتوں کے سلسلے میں اپنے ہی دستور پر بمشکل عمل کیا ہے۔

پرچار اور اپنا مذہب تبدیل کرنے تک کی آزادی ہونی چاہئے۔" (بدقسمتی سے دنیا بھر میں کچھ عناصر سیکولرازم کو دہریت سمجھتے ہیں جبکہ ایسا بالکل نہیں ہے۔)

انسانی حقوق کا عالمی منشور (1948)، دنیا بھر میں انسانی حقوق کی تحریک کے لئے ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کے بعد انسانی حقوق کے تحفظ اور فروغ کے لئے کئی کنونشنز اور معاہدے زیرِ عمل لائے گئے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں 1948ء کے منشور کو تمام انسانوں اور قوموں کے لئے ایک ایسا باہمی معیار قرار دے دیا گیا کہ جس کو ترقی پسندانہ اقدامات کے ذریعے پورا کرنا ہر فرد اور معاشرے کا فرض ہونا چاہئے۔

آئینِ پاکستان میں مذہبی آزادی اور اظہارِ رائے کے حق سے متعلق چند آرٹیکلز درج ذیل ہیں، جن میں سے کچھ آرٹیکلز دستورِ پاکستان میں بھی موجود ہیں:

"۔۔۔ پاکستان کے جمہور کی منشا ہے کہ ایک ایسا نظام قائم کیا جائے۔۔۔ جس میں بنیادی حقوق کی ضمانت دی جائے گی اور ان حقوق میں قانون اور اخلاق عامہ کے طابع حیثیت اور مواقع میں مساوات، قانون کی نظر میں برابری، معاشرتی، معاشی اور سیاسی انصاف اور خیال، اظہارِ دین، عقیدہ، دین، عبادت اور اجتماع کی آزادی شامل ہوگی۔"

۔تمہید، دستورِ پاکستان

"قانون، امن عامہ اور اخلاق کے تابع (الف) ہر شہری کو اپنے مذہب کی پیروی کرنے، اس پر عمل کرنے اور اس کی تبلیغ کرنے کا حق ہوگا اور (ب) ہر مذہبی گروہ اور اس کے فرقے کو اپنے مذہبی ادارے قائم کرنے، برقرار رکھنے اور ان کا انتظام کرنے کا حق ہوگا۔"

۔ آرٹیکل 20، دستورِ پاکستان

"تمام انسان آزاد اور حقوق و عزت کے اعتبار سے برابر پیدا ہوئے ہیں۔ انہیں ضمیر اور عقل ودیعت ہوئی ہے۔ اس لئے انہیں ایک دوسرے سے بھائی چارے کا سلوک کرنا چاہئے۔"

مذہبی آزادی کی مختصر تاریخ

اقلیتوں کے تحفظ کو سمجھنے کے لئے سیکولرازم کو سمجھنا بھی بہت ضروری ہے۔ گو کہ اس کی عقلی جڑیں ابتدائی رومن اور یونانی فلسفیوں تک جاتی ہیں۔ گرچہ آزاد سوچ پر مبنی اس سوچ کے بنیادی خیالات تو تاریخ میں شروع سے ہی چلتے آرہے تھے مگر پہلی بار یہ اصطلاح برطانوی مصنف جارج جیکب ہولی اوک نے 1851 میں اختراع کی۔

سیاسی اصطلاحات میں سیکولرازم، ریاست یا حکومت اور مذہب کی ایک دوسرے سے لاتعلقی کی تحریک ہے۔ یعنی حکومت اور ریاستی مذہب کے جوڑ کو کم کرتے ہوئے، مذہب پر مبنی قوانین کو شہری قوانین سے بدلنا اور مذہبی بنیادوں پر تفریق کا خاتمہ، جس سے مذہبی اقلیتوں کے تحفظ کے ساتھ جمہوریت مزید مضبوط ہوتی ہے۔ (قانونی سیکولرسٹ کہتے ہیں کہ مذہب کو سماجی اور حکومتی دائرے سے خارج کرنا تمام شہریوں کی مکمل شمولیت کے لئے ضروری ہے۔)

ولادمیر لینن کی تحریروں میں "ضمیر کی آزادی" کا تصور بھی مذہب کے زمرے میں سامنے آتا ہے۔ 1891 کے Erfurt Program (ارفرٹ پروگرام) میں درج ہے کہ "مذہب ایک ذاتی معاملہ ہے"۔ روزا لکسمبرگ نے بھی اس بارے میں "سوشلزم اور گرجا گھر" (1905ء) میں کہا ہے:

"ہمارے ملک اور دنیا بھر کے سوشل ڈیموکریٹ ضمیر اور ذاتی رائے کو مقدس سمجھتے ہیں۔ سب کو آزادی ہے کہ وہ اپنی خوشی کے مطابق کوئی بھی مذہب اور رائے اپنا سکیں۔ اور کسی کو یہ حق نہیں کہ وہ کسی مخصوص فرقے یا مذہبی رجحان پر حملہ کرے یا اس کی دل آزاری کرے۔"

لینن بھی اکثر یہی موقف دہراتا ہے۔ مگر کچھ وضاحتوں کے ساتھ، جیسے ریاست اور پارٹی میں فرق بیان کرتے ہوئے وہ کہتا ہے کہ ریاستی سطح پر مذہب مکمل طور پر ایک ذاتی معاملہ ہونا چاہئے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ مذہب ہر لحاظ سے ریاست سے جدا ہو۔ یعنی ریاست چرچ کی حمایت کا مکمل خاتمہ کرے جس میں چرچ کو دی گئی زمین، ریاست کی طرف سے ملنے والے وظائف اور آمدنی، چرچ سکول اور پادریوں کے لئے حکومتی ملازمت تک شامل ہے۔ یعنی "ہر شخص کو نہ صرف اپنے مذہب کی پیروی کرنے بلکہ اس کا

قومی ایکشن پلان 2014

۔پشاور سانحے کے بعد، حکومت نے دہشت گردی کے مقدمات میں پکڑے گئے انتہا پسندوں کو پھانسی دینے کا فیصلہ کیا جس پر عمل درآمد شروع ہو چکا ہے

۔افواجِ پاکستان کی سربراہی میں دہشتگردوں کے مقدمات فوری طور پر نمٹانے کے لئے خصوصی عدالتیں قائم کی جائیں گی۔ان عدالتوں کا دورانیہ 2 سال ہوگا

۔ملک میں کسی بھی قسم کی نجی مسلح فوج کی اجازت نہیں ہوگی

۔قومی محکمہ برائے انسداد دہشت گردی کو بحال اور موثر بنایا جائے گا

۔نفرت انگیز تقاریر پر کریک ڈاؤن ہوگا اور ایسا مواد چھاپنے والے اخبارات اور رسائل کے خلاف کاروائی کی جائے گی

۔دہشت گردوں اور دہشت گرد تنظیموں کے مالی وسائل روک دئے جائیں گے

۔کالعدم تنظیموں کو دوسرے ناموں کیساتھ کام کرنے نہیں دیا جائے گا

۔خصوصی انسداد دہشت گردی فورس قائم کی جائے گی

۔مذہبی انتہا پسندی کو روکنے اور اقلیتوں کے تحفظ کے لئے اقدامات کئے جائیں گے

۔مدرسوں کی اصلاح کی جائے گی اور انہیں باقاعدہ کیا جائے گا

۔پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا دہشت گردوں کو کوئی جگہ نہیں دیں گے

۔آئی ڈی پیز کی بحالی اولین ترجیح ہوگی اور فاٹا میں ترقیاتی اور انتظامی امور جلد از جلد نمٹائے جائیں گے

۔دہشت گرد تنظیموں کے رابطے کے نظام تباہ کردئے جائیں گے

۔باقی ملک کی طرح پنجاب میں بھی انتہا پسندی کے لئے کوئی جگہ نہیں

۔کراچی میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشنز (کاروائیاں) اپنے منطقی اختتام تک پہنچیں گے

۔سیاسی مفاہمت کے حق میں بلوچستان حکومت کو تمام فریقین کی طرف سے مکمل اختیارات دئے جائیں گے

۔فرقہ وارانہ تشدد پھیلانے والے عناصر کو پکڑا جائے گا

۔افغان مہاجرین کے اندراج کے لئے جامع پالیسی بنائی جائے گی

۔صوبائی سراغ رساں ادارے کو دہشت گردوں کی خط و کتابت تک رسائی دی جائے گی اور انسداد دہشت گردی کی ایجنسیوں کو جرائم کی روک تھام کے عدالتی نظام میں بنیادی ترامیم کرکے اور مضبوط بنایا جائے گا۔اس مقصد کے لئے آئینی ترامیم کے ساتھ ساتھ قوانین بنائے جائیں گے

آج تک سب سے زیادہ جانیں گئیں۔

اے پی ایس حملے کے بعد پاکستانی حکام نے غیر قانونی طور پر رہنے والے افغان باشندوں کو پکڑنے کے لئے افغان مہاجرین کی بستیوں پر چھاپے مارنے شروع کئے، جس کے نتیجے میں کم از کم 30,000 افغان واپس افغانستان چلے گئے، جن میں سے 2000 کو قانونی دستاویزات نہ ہونے کی بنا پر ڈی پورٹ کر دیا گیا۔ کئی بین الاقوامی میڈیا اداروں نے اس حملے کو پاکستان کا "9/11" قرار دیا۔ رائے عامہ میں ٹی ٹی پی کے خلاف شدید نفرت اور غصہ تھا۔ حکومت اور افواجِ پاکستان نے بھی واقعہ کے ردعمل میں ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے۔ حملے کے دوسرے دن سزائے موت پر سے 2008ء میں لگی پابندی اٹھادی گئی اور سب سے پہلی پھانسی 19 دسمبر 2014ء کو جنرل مشرف پر قاتلانہ حملے میں ملوث دہشت گردوں کو دی گئی۔

24 دسمبر 2014ء کو وزیر اعظم نواز شریف نے ٹی وی پر اپنی تقریر میں دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے نیشنل ایکشن پلان (NAP) کا اعلان کیا۔ وزیر داخلہ کے مطابق، یہ منصوبہ آل پارٹیز کانفرنس میں لئے گئے فیصلوں کی روشنی میں تجویز کیا گیا تھا۔ وزیر اعظم نے اس مقصد کے تحت نیشنل ایکشن کمیٹی قائم کی جس میں تمام سیاسی پارٹیوں کے نمائندگان شامل ہیں۔ یہ منصوبہ ملک سے کالعدم تنظیموں پر کریک ڈاؤن اور ان کے مکمل خاتمے کے لئے، اے پی ایس پر کئے جانے والے ہولناک حملے کا ایک جامع اور مؤثر جواب سمجھا جاتا ہے۔

گو کہ یہ منصوبہ دہشت گردی اور ہر قسم کی نفرت انگیز تقاریر کے خلاف ہے۔ بلکہ اس کا ایک نکتہ "مذہبی انتہا پسندی کے خاتمے اور اقلیتوں کے تحفظ" کے اقدامات کی بھی بات کرتا ہے، مگر اس پر ابھی تک عمل ہوتا ہوا نظر نہیں آیا۔ موجودہ نظام میں ایسے کئی قوانین اور پالیسیاں ہیں جو اقلیتوں کے تحفظ کے پیشِ نظر بنائے گئے تھے۔ مگر ساتھ ہی توہینِ رسالت جیسے قانون (دفعہ 295C) کا بدستور ذاتی رنجشوں کے لئے غلط استعمال ہو رہا ہے جو اقلیتوں کے تحفظ کے لئے ریاستی اقدامات کے منافی ہے۔ سزائے موت اور دہشت گردوں کو مارنے سے چند افراد تو ضرور ختم ہوئے مگر دہشت گردی کا نیٹ ورک اب بھی بہت مضبوط اور وسیع ہے۔ حکومتی پالیسیوں اور آئین میں موجود انہی کمزوریوں کا اس رپورٹ میں تجاویز کے ساتھ تجزیہ کیا گیا ہے۔ مخصوص قوانین اور پالیسیوں کے ساتھ ساتھ قانون پر عدم عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔

تعارف

پاکستان میں انسانی حقوق کے کئی ایسے مسائل ہیں جن پر نہ صرف ملکی، بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی آواز اٹھائی گئی ہے، یہاں رہنے والی مذہبی اقلیتوں کی مخدوش صورتحال ان بدترین مسائل میں سے ایک ہے۔ یہاں حکومتیں آتی جاتی رہتی ہیں مگر معاشرے میں مسلسل بڑھتی انتہاپسندی کے باوجود، کوئی بھی اقلیتوں کو تحفظ فراہم کرنے میں سنجیدہ نظر نہیں آیا۔

پاکستان جیسے ملک میں، جہاں کئی دہائیوں سے مذہب کا ایک کٹر اور سخت گیر فلسفہ پروان چڑھایا گیا ہے وہاں کسی اقلیتی گروہ کا حصہ ہونا آسان نہیں۔ ان فرقوں کے لوگوں کو تفریق اور تعصب کا سامنا ہے۔ جبکہ ریاست بجائے ان کا تحفظ کرنے کے، جیسا کہ اسے کرنا چاہئے، انہیں نظر انداز کرتی چلی جارہی ہے۔ گو کہ مسلم اقلیتیں، جیسے شیعہ فرقہ، بھی خطرے کی زد میں ہیں، مگر غیر مسلم اقلیتوں کی صورتحال زیادہ سنگین ہے۔ ان کے لئے تو اپنے مذہب کی آزادانہ طور پر پیروی کرنا تقریباً ناممکن ہے۔

پاکستان میں اکثریت سنی مسلمانوں کی ہے اور جو اس زمرے میں نہیں آتے، وہ خود بخود ہی "اقلیت" کا حصہ بن جاتے ہیں۔ مختلف مذہبی و سیاسی وجوہات کے باعث پاکستان میں رہنے والے مسلمانوں اور غیر مسلموں کے بیچ فاصلہ بڑھتا چلا گیا ہے۔ یہاں تک کہ اب اکثریتی عوام میں گہری غلط فہمیوں کیساتھ ساتھ بڑے پیمانے پر بے حسی، بلکہ کچھ صورتوں میں تو صاف نفرت پیدا ہو چکی ہے۔ گذشتہ برس (2014) میں مذہبی اقلیتوں پر حملے ایسے علاقوں میں بھی پہنچ گئے جہاں اب سے پہلے ایسے واقعات نہ ہونے کے برابر تھے۔ پھر بھی حکومت متاثرہ عوام کو مذہبی دہشت گردی سے لڑنے کی اپنی اہلیت اور عزم کا یقین دلانے میں ناکام رہی ہے۔

مثال کے طور پر، سندھ حکومت کی 18 سال سے کم عمر بچوں کی شادیوں پر پابندی کے باوجود، صوبے کے کچھ اضلاع میں کمسن ہندو لڑکیوں کا اغوا اور جبراً شادی ابھی تک جاری ہے اور ان وارداتوں کے خلاف کاروائی نہ ہونے کے برابر ہے۔ اقلیتوں کے ساتھ ساتھ مسلمان بھی بدستور توہینِ مذہب کے قانون کا شکار ہیں۔ بلکہ ان کی حمایت کرنے والوں کو بھی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ آرمی پبلک سکول (اے پی ایس) پشاور پر تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے دلدوز حملے نے 150 افراد، جن میں سے 134 سکول کے طالبعلم تھے، کی جان لے لی۔ ملک کی تاریخ میں دہشت گردی کا یہ سب سے سنگین اور گھناؤنا واقعہ ہے، جس میں

پاکستان میں اقلیتوں کی مذہبی آزادی: ایک جائزہ

تعارف 09

مذہبی آزادی کی مختصر تاریخ 12

اقلیتوں کا "مسئلہ" 15

ایک مایوس کن تصویر: پاکستان میں اقلیتوں کا مجموعی جائزہ 17

- سکھ 18
- ہندو 19
- مسیحی 21
- احمدی 24

سماجی امتیاز اور اخراج 27

تعلیم 28

عدالتی اور قانونی مسائل 29

- توہین مذہب کا قانون 30
- شادی اور طلاق 32

تجاویز 35

پیش لفظ

آئینِ پاکستان اور بین الاقوامی معاہدے جن کی پاکستان نے توثیق کر رکھی ہے، مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی ضمانت دیتے ہیں لیکن حقیقت میں معاشرے کے اس چھوٹے سے حصّے کے ساتھ جو سلوک روا رکھا جاتا ہے ان یقین دہانیوں کے بالکل برعکس ہے۔ مذہبی اقلیتوں کے حقوق کی قومی اور بین الاقوامی ضمانت کے باوجود ہم دیکھتے ہیں کہ معاشرے کا یہ حصّہ ناسازگار حالات میں رہنے پر مجبور ہے۔ انہیں تعلیم، صحت، تحفظ اور سب سے بڑھ کر مذہبی آزادی جیسے بنیادی حقوق سے محروم رکھا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اقلیتوں کی آبادی جو تقسیم کے وقت تقریباً 23 فیصد تھی اب کم ہو کر تقریباً 4 فیصد رہ گئی ہے۔

اقلیتوں کے مسائل میں معاشی محرومی، انصاف سے محرومی، سماجی استحصال اور پاکستان کی آزادی کیلئے دی جانے والی قربانیوں سے چشم پوشی شامل ہے۔ اس کے علاوہ ان اقلیتی گروہوں کے خلاف مذہب کے نام پر ہمیں جبر، نفرت اور قتل و غارت گری دیکھنے کو ملتی ہے۔ یہ ہمارے معاشرے میں سرایت کر چکی اس انتہاء پسندی کا ہی نتیجہ ہے کہ آئے دن ہمیں اقلیتوں پر گروہی حملے، تشدد اور زندہ جلائے جانے کے واقعات نظر آتے ہیں۔

اس گھمبیر صورتحال میں ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان پچھلے 25 سالوں سے مذہبی اقلیتوں، محنت کشوں، کسانوں اور محروم طبقات کے بنیادی حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے مسلسل آواز بلند کرتی آ رہی ہے۔ سیپ پاکستان نے ''ریت'' (REAT) نیٹ ورک جو مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور فروغ کیلئے کام کرتا ہے، کے ایک رکن کی حیثیت سے اس جائزہ رپورٹ کو شائع کیا ہے۔ اس جائزہ رپورٹ کے دو بنیادی پہلو ہیں: (1) مذہبی اقلیتوں کی موجودہ صورتحال (2) مثبت تبدیلی کیلئے ٹھوس تجاویز

اس جائزہ رپورٹ میں مذہبی آزادی کی تاریخ، اقلیتوں کے سماجی استحصال اور علیحدگی سے متعلق مسائل کو زیرِ بحث لایا گیا ہے۔ مزید برآں پاکستان کے تعلیمی، عدالتی اور قانونی نظام میں موجود کمزوریوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ اس رپورٹ میں امتیازی قوانین، اقلیتوں کے سماجی مسائل اور ان کے حل کیلئے قابلِ عمل تجاویز بھی شامل ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ یہ چھوٹی سی کاوش پاکستان میں بسنے والی اقلیتوں کے حقوق کے تحفّظ کی مسلسل چلی آ رہی جدوجہد میں مددگار و معاون ثابت ہوگی۔

محمد تحسین

ایگزیکٹو ڈائریکٹر

ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان

"یہ اتنی اہم بات ہے کہ اس بات پر جتنا زور دیا جائے کم ہے۔ ہمیں جذبہ کے ساتھ کام شروع کر دینا چاہئے اور پھر وقت گزرنے کیساتھ ساتھ یہ اکثریت اور اقلیت، ہندو اور مسلمان فرقوں کے امتیازات معدوم ہو جائیں گے۔ جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے، ان میں پٹھان، پنجابی، شیعہ اور سنی وغیرہ موجود ہیں۔ اسی طرح ہندوؤں میں برہمن، ویش، کھشتری ہیں اور بنگالی اور مدراسی وغیرہ ہیں۔۔۔ اب آپ آزاد ہیں۔ اس مملکت پاکستان میں آپ آزاد ہیں۔ اپنے مندروں میں جائیں، اپنی مساجد میں جائیں یا کسی اور عبادت گاہ میں۔ آپ کا خواہ کسی بھی مذہب، ذات پات یا عقیدے سے تعلق ہو، کاروبار مملکت کا اس سے کوئی واسطہ نہیں۔۔۔ ہم اس زمانے میں آغاز کر رہے ہیں جہاں کوئی تفریق روا نہیں رکھی جاتی۔ دو فرقوں کے مابین کوئی امتیاز نہیں۔ ہم اس بنیادی اصول کیساتھ ابتدا کر رہے ہیں کہ ہم سب شہری ہیں اور ایک ہی مملکت کے برابر کے شہری ہیں۔۔۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب ہمیں اس بات کو نصب العین کے طور پر اپنے پیش نظر رکھنا چاہئے اور پھر آپ دیکھیں گے کہ جیسے جیسے زمانہ گزرتا جائے گا، مذہبی اعتبار سے نہیں، کیونکہ یہ ذاتی عقائد کا معاملہ ہے، لیکن سیاسی اعتبار سے اور مملکت کے شہری ہونے کے حوالے سے، نہ ہندو، ہندو رہیں گے اور نہ مسلمان، مسلمان۔"

۔ قائداعظم محمد علی جناح، 11 اگست 1947

Copyright @ SAP - PK 2015 - Lahore, Pakistan

Published by
SOUTH ASIA PARTNERSHIP - PAKISTAN
Haseeb Memorial Trust Building, 2 Kilometers Raiwind Road
Post Office Thokar Niaz Baig, Lahore-53700 - PAKISTAN
Tel: +92-42-3-5311701 to 3 & 5
Fax: +92-42-3-5311710
email: info@sappk.org
www.sappk.org

Design and printing
Visionaries Division
042-35955190 / 4990

پاکستان میں اقلیتوں کی مذہبی آزادی: ایک جائزہ

ساؤتھ ایشیاء پارٹنرشپ، پاکستان

پاکستان میں
اقلیتوں کی
مذہبی آزادی